کتاب نما

الاشباہ والنظائر فی القرآن الکریم، مقاتل بن سلیمان، ترجمہ وتحقیق: ڈاکٹر ابوالنصر محمد خالدی، تقدیم وتعلیق وتصحیح: مولانا عطاء الرحمٰن قاسمی۔ ناشر: شاہ ولی اللہ انسٹی ٹیوٹ' N-80/C ابوالفضل انکلیو' اوکھلا' نئی دہلی-۲۵' بھارت۔ صفحات: ۶۱۲۔ قیمت: ۳۵۰ روپے بھارتی۔

الاشباہ والنظائر قرآنی الفاظ کے مختلف معانی پر مشتمل ایک مفید لغت ہے۔ اسی نام سے حنفی فقہ کی بھی ایک مشہور کتاب ہے۔ یہ کتاب نہ صرف ایک ہی لفظ کے مختلف معانی اور اُن کے قرآنِ مجید میں مختلف استعمالات بتاتی ہے' بلکہ مترادفات کی بھی وضاحت کرتی ہے۔ حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے مقاتل بن سلیمان (م: ۱۵۰ھ) کے بارے میں لکھا ہے کہ انھیں تجسیم سے متہم کیا گیا ہے' چنانچہ یہ متروک الحدیث تھے۔ علمِ تفسیر میں البتہ ان کا بہت بلند رتبہ تھا۔

حیدرآباد دکن کے مشہور عالمِ دین ابوالنصر ڈاکٹر محمد خالدی نے' جو خود عربی ادب کے رمز شناس تھے اور جنھوں نے بدنامِ زمانہ مختار ابن ابی عبیدہ الثقفی پر مقالہ لکھ کر مصر سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی تھی' اس کتاب کا ترجمہ کیا اور تحقیق سے کام لیا۔ مولانا عطاالرحمٰن قاسمی مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انھوں نے ڈاکٹر محمد خالدی (مرحوم) کے مسودے کا جائزہ لیا' تصحیح کی اور تعلیقات کے ساتھ اسے کتابی شکل میں شائع کر دیا۔

قرآنی لغات کے جو مختلف معانی مقاتل بن سلیمان نے بیان کیے تھے' اُن کے شواہد قرآن مجید کے اُردو مترجمین کے کلام سے ڈھونڈے گئے ہیں۔ قاسمی صاحب نے 'توضیح' کے عنوان سے مزید قرآنی مثالوں کا اضافہ بھی کیا اور بعض اہم تفسیری نکات کی وضاحت 'انتباہ' کے عنوان کے تحت کی۔ قرآنی لغات پر بے شمار کتابیں موجود ہیں۔ امام راغب کی مفردات' مولانا عبدالرحمٰن کیلانی کی مترادفات القرآن اور مولانا عبدالرشید نعمانی کی لغات القرآن زیادہ مشہور و معروف